## سوال

کیا بالوں کو کالا کولایا کوئی مصنوعی کلر کرانے سے غسل اور نماز ہو جائے گی یا نہیں ؟

## جواب

بالوں کو کالا کولایا کوئی مصنوعی کلر کرانے سے غسل اور نماز۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا بالوں کو کالا کولایا کوئی مصنوعی کلر کرانے سے غسل اور نماز ہو جائے گی یا نہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اس سوال کا تعلق ان کلرز کی کیفیت پر منحصر ہے ، اگر تو کسی کلر کی ناخن پالش کی مانند چپڑی سے بن جاتی ہے تو پھر نہ وضو درست ہوگا اور نہ ہی غسل ، کیونکہ یہ چپڑی پانی کو جلد تک پہنچنے سے روک دیتی ہے۔ اور اگر چپڑی نہیں بنتی ، بلکہ مہندی کی طرح صرف رنگ ہی چڑھتا ہے تو پھر وضو اور غسل دونوں درست ہوں گے ، کیونکہ صرف رنگ پانی کو جلد تک پہنچنے میں رکاوٹ نہیں بنتا ہے۔ اب اگر وضو اور غسل درست ہیں تو نماز بھی درست ہے ، ورنہ نہیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث